Urdu | اردو

بچوں اور نوجوانوں کو محفوظ رکھنے کے لیے NSW Health کا عزم

(NSW Health’s commitment to keep children and young people safe)

NSW Health میں ہم چاہتے ہیں کہ ہر بچہ اور نوجوان کسی ہیلتھ سروس یا ہماری نگہداشت میں آنے پر محسوس کرے کہ وہ محفوظ ہے، اس کا احترام کیا جاتا ہے اور اس کا خیر مقدم کیا جاتا ہے۔ ہم 10 چائلڈ سیف سٹینڈرڈز استعمال کر رہے ہیں جن سے یقینی بنایا جاتا ہے کہ ہیلتھ سروسز بچوں اور نوعمر افراد کے لیے محفوظ اور خوشگوار جگہیں ہوں۔

ہم جانتے ہیں کہ بچوں اور نوعمر افراد کو محفوظ رکھنا اتنا اہم ہے کہ ہمیں ہمیشہ اس کے لیے کام کرنا چاہیے۔ ہم ماضی کے واقعات سے سبق سیکھ رہے ہیں اور بہتر کام کرنے کی خاطر تبدیلیاں لا رہے ہیں۔

بچوں کی حفاظت کے اس عزم کو لکھنے کے سلسلے میں ہم نے بچوں اور نوعمر افراد سے پوچھا کہ ان کے لیے کیا اہم ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ چاہتے ہیں کہ بڑے ان کی بات سنیں، انہیں انکی نگہداشت کے متعلق فیصلوں میں شامل کریں، اور ان کے ساتھ احترام کے ساتھ پیش آئیں۔ وہ یہ بھی جاننا چاہتے ہیں کہ اگر وہ غیر محفوظ محسوس کریں تو اس بارے میں کیسے بتائیں، اور جب وہ کچھ بتائیں تو اسے سنجیدگی سے لیا جانا چاہیے۔

NSW Health کیا کرے گی

ہم:

- آپ کے حقوق کی حمایت کریں گے جیسے محفوظ محسوس کرنے کا حق اور یہ حقوق کہ آپ کی بات سنی جائے اور آپ کے ساتھ مہربانی کا سلوک کیا جائے
- ہرگز بدسلوکی، نقصان، نسل پرستانہ سلوک یا غیر منصفانہ سلوک کی اجازت نہیں دیں گے
- یہ یقینی بنائیں گے کہ ہیلتھ سروسز ایبوریجنل بچوں اور نوعمر افراد کی نگہداشت ایسے طریقوں سے کریں جن میں ایبوریجنل علم، طور طریقوں اور وجود کا احترام ہوا رہے
- یہ یقینی بنائیں گے کہ ہیلتھ سروسز مختلف تہذیبیں، زبانیں اور مذاہب رکھنے والے بچوں اور نوعمر افراد کے لیے محفوظ ہیں اور ان کا خیر مقدم کرتی ہیں
- یہ یقینی بنائیں گے کہ اگر آپ کو کوئی معذوری ہے تو ہیلتھ سروسز محفوظ اور استعمال میں آسان ہوں
- یہ یقینی بنائیں گے کہ ہیلتھ سروسز LGBTQIA+ کمیونٹی کے تمام بچوں اور نوعمر افراد کا خیر مقدم کرتی ہیں
- اپنے عملے اور رضاکاروں کو تربیت دیں گے تاکہ وہ جان سکیں کہ بچوں اور نوعمر افراد کو کیسے محفوظ رکھنا ہے
- یہ یقینی بنائیں گے کہ حفاظت کے متعلق خدشات ہونے کی صورت میں ہمارے لیڈرز اچھی مثال قائم کریں
- یہ یقینی بنائیں گے کہ ہمارے قواعدوضوابط اور منصوبے بچوں اور نوعمر افراد کو محفوظ رکھنے میں مدد دیں۔

آپ کیا توقع کر سکتے ہیں

ایک بچے یا نوعمر فرد کی حیثیت سے، آپ توقع کر سکتے ہیں کہ:

- عملہ آپ کی بات سنے گا اور آپ کے ساتھ احترام سے پیش آئے گا
- آپ کو اپنی نگہداشت کے بارے میں فیصلوں میں رائے دینے کا موقع ملے گا
- ہم آپ سے ایسے طریقوں سے بات کریں گے کہ آپ کو سمجھ آئے
- ہم آپ کی رازداری کا احترام کریں گے اور یہ یقینی بنائیں گے کہ آپ کی صحت کے بارے میں معلومات محفوظ ہیں ہم آپ کے متعلق معلومات دوسروں کو نہیں دیں گے، سوائے اس کے کہ ہمیں آپ کی صحت کی نگہداشت یا آپ کو محفوظ رکھنے کے لیے یہ معلومات کسی کو دینے کی ضرورت ہو
- اگر آپ غیر محفوظ محسوس کرتے ہوں تو آپ بتا سکتے ہیں اور ہم آپ کی بات کو سنجیدگی سے لیں گے اور فوری قدم اٹھائیں گے
- آپ کی تہذیب کو آپ کی صحت اور اچھی کیفیت کے لیے اہم سمجھا جائے گا
- آپ ہیلتھ سروسز کو بچوں اور نوعمر افراد کے لیے زیادہ محفوظ بنانے کے طریقوں کے متعلق اپنے خیالات بتا سکتے ہیں۔

نومبر 2025 © NSW Health. SHPN (GR) 251028